| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نقشے کی وضاحت کر سکیں اور بولٹس (BOLTS) کی اصطلاح کی مدد سے نقشے کو پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/ چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5 ) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- نقشہ کیا ہے اور اس کی کیا اہمیت ہے؟
- نقشے پر فاصلہ دکھانے کے لیے کس کا استعمال کیا جاتا ہے؟
- کسی بھی نقشے پر سمتوں کو تعین کس طرح کیا جاتا ہے؟

جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 47 سے متن ''پیمانے کی اقسام'' کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پیمانے کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
- تختہ تحریر پر ان اقسام کے نام نمایاں کر کے لکھیں۔

(1) خطی پیمانہ (2) بیانیہ پیمانہ (3) کسر اعتباری پیمانہ

- خطی پیمانہ ایک افقی خط کی صورت میں دیا جاتا ہے۔ یہ خط زمین پر فاصلے اور نقشے پر فاصلے کے درمیان نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔
- بیانیہ پیمانہ الفاظ کے ذریعے فاصلوں کو ظاہر کرتا ہے جبکہ کسر اعتباری پیمانے میں کسر کا استعمال کرتے ہوئے فاصلہ ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کسر کا شمار کنندہ اکائی یعنی (1) ہوتا ہے۔

**اعادہ** 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(۲)کا سوال(ii)کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: پیمانے کی کتنی اقسام ہیں۔نام لکھیں۔

جواب: ______________________________

______________________________

سوال نمبر 2: دیے گئے پیمانے کو لیبل کریں۔



| سبقی منصوبہ بندی 2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں | باب پنجم: جغرافیہ |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نقشے کی مختلف اقسام کی پہچان کر سکیں۔ جیسے: راستے کا نقشہ، سیاحتی نقشہ، موسمیاتی نقشہ، سیاسی نقشہ اور مساحتی نقشہ
- نقشوں کی اقسام (راستے کا نقشہ، سیاحتی نقشہ، موسمیاتی نقشہ، سیاسی نقشہ اور مساحتی نقشہ) پہچان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- پیمانہ کی کتنی اقسام ہیں؟
- بیانیہ پیمانہ سے کیا مراد ہے؟

طلبہ کو باری باری جواب دینے میں حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 48 سے 50 کے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہر نقشے کا استعمال مختلف مقاصد کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس لیے نقشے کی مختلف اقسام ہوتی ہیں۔ سیاحتی نقشہ، موسمیاتی نقشہ، سیاسی نقشہ اور مساحتی نقشہ
- ایسے نقشے جن کی مدد سے سرحدیں، ملک، دارالحکومت اور اہم شہر تلاش کیے جا سکیں، سیاسی نقشے کہلاتے ہیں۔ جبکہ سیاحتی نقشے سیاحوں کے لیے بنائے جاتے ہیں تاکہ کسی بھی جگہ کے لیے آسانی سے معلومات حاصل کی جا سکیں۔
- طلبہ کو بتائیں زمینی خدوخال جیسے، پہاڑ، وادیاں، میدان دکھانے کے لیے مساحتی نقشے استعمال ہوتے ہیں۔ ان میں طبعی خدوخال کنٹور لائنوں کی مدد سے دکھائے جاتے ہیں۔ ان لائنوں کی مدد سے پتا چلتا ہے کہ کوئی جگہ کتنی بلندی پر واقع ہے۔ اسی طرح کسی علاقے میں ایک مخصوص وقت میں موسم کا حال مختلف علامتوں کے ذریعے سے دکھانے کے لیے موسمیاتی نقشوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔
- راستے کے نقشے میں اہم شاہراہیں جیسے ہائی ویز، سڑکیں اور ریلوے لائنیں وغیرہ دکھائی جاتی ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے تصور کی مختصراً دہرائی کرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو 2 سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا گھر میں دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: گلوب اور نقشے کی مہارتیں |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- خطوط عرض بلد، خطوط طول بلد اور ٹائم زونز کی خصوصیات تصاویر کی مدد سے پہچان کر سکیں۔
- خطوط عرض بلد اور خطوط طول بلد کا استعمال کرتے ہوئے جال کی مدد سے کوئی مقام تلاش کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں "خطوط عرض بلد" کے بارے میں پڑھیں گے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- خطوط یا جال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

طلبہ کو باری باری جواب دینے کا موقع دیں۔ اور ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 50 تا 51 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- تختہ تحریر پر خطوط عرض بلد اور خطوط طول بلد لکھیں۔ یہ فرضی خطوط ہوتے ہیں جنھیں خطوط عرض بلد اور خطوط طول بلد کہتے ہیں۔ ان خطوط کی مدد سے پتا چلتا ہے کہ کوئی علاقہ یا مقام گلوب یا نقشے پر کس جگہ واقع ہے۔
- انھیں بتائیں کہ نقشے یا گلوب پر کسی علاقے کا محل وقوع کو جاننے کے لیے فرضی خطوط (خطوط عرض بلد اور خطوط طول بلد) شرقاً غرباً اور شمالاً جنوباً کھینچے جاتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر خطوط عرض بلد کھینچیں اور طلبہ کو بتائیں کہ خطوط عرض بلد کو انگریزی میں Latitude کہتے ہیں۔ انھیں متن کی مدد سے خطوط عرض بلد کے بارے میں بتائیں۔ انھیں خط استوا انگلی کے اشارے سے دکھائیں اور بتائیں کہ یہ زمین کے بالکل درمیان میں متوازی کھینچی ہوئی ایک فرضی لائن ہے۔ دوسرے خطوط عرض بلد افقی سطح پر خط استوا کے متوازی شرقاً غرباً کھینچے جاتے ہیں انھیں بتائیں کہ خط استوا کا درجہ صفر ہے۔
- ہم دنیا کے نقشے پر کسی ملک، ریاست یا شہر کا محل وقوع معلوم کرنے کے لیے خطوط عرض بلد اور خطوط طول بلد کا استعمال کرتے ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

خطوط عرض بلد اور خطوط طول بلد سے کیا مراد ہے اور ان کی مدد سے ہم کیا معلوم کر سکتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔